Roll No. | | | | | | |　　Answer Sheet No.__________

Sig. of Candidate __________　　Sig. of Invigilator.__________

اُردو(لازمی) ایس ایس سی-II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 20 منٹ　　حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف رب رج رد میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) 1885ء میں کانگریس کی بنیاد کس نے ڈالی؟

الف۔ ہندوؤں نے　ب۔ مسلمانوں نے　ج۔ عیسائیوں نے　د۔ سکھوں نے

(ii) نواب وقار الملک نے کل ہند مسلم لیگ کی بنیاد کب ڈالی؟

الف۔ 1920ء　ب۔ 1906ء　ج۔ 1940ء　د۔ 1950ء

(iii) پاکستان کب معرض وجود میں آیا؟

الف۔ 1940ء　ب۔ 1920ء　ج۔ 1947ء　د۔ 1930ء

(iv) ہندوؤں نے مسلمانوں کو ہندو بنانے کے لیے کون سی تحریک شروع کی؟

الف۔ تحریکِ خلافت　ب۔ تحریک شدھی　ج۔ تحریک پاکستان　د۔ تحریکِ ہندوستان

(v) ایک مرتبہ عید کو ایک بھاری ٹوپی مجھ کو بنا کر دی۔

الف۔ اماں جان نے　ب۔ خالہ جان نے　ج۔ پھوپھی جان نے　د۔ نانی جان نے

(vi) خان صاحب کا کل اثاثہ __________ تھا۔

الف۔ دس روپے　ب۔ ساڑھے چار روپے　ج۔ ڈھائی روپے　د۔ پانچ روپے

(vii) محسن بی اے میں کامیاب ہوا تو رضیہ دسوں انگلیاں دسوں __________ تھی۔

الف۔ موم بتی　ب۔ چراغ　ج۔ لالٹین　د۔ دیا

(viii) محمد احسن تحصیل دار کے کتنے بچے تھے؟

الف۔ دو　ب۔ چار　ج۔ چھ　د۔ کوئی نہیں

(ix) یورپ کے کس ملک کی فوج نے طرابلس پر حملہ کیا؟

الف۔ برطانیہ　ب۔ اٹلی　ج۔ فرانس　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(x) فاطمہ بنت عبداللہ کی ماں کا نام __________ تھا۔

الف۔ سارہ　ب۔ کلثوم　ج۔ اُم عمارہ　د۔ زینب

(xi) پہلے منظر میں فاطمہ بنت عبداللہ کیا صاف کر رہی تھی؟

الف۔ برتن　ب۔ کپڑے　ج۔ بندوقیں　د۔ دیگر اسباب

(xii) مچھرو تم کہاں ہو لوٹ آؤ۔

الف۔ اپنے آپ　ب۔ چپ چاپ　ج۔ خاموشی سے　د۔ چپکے سے

(xiii) اب تو کچھ اپنے ہی ملک کے لباس میں __________ آتا ہے۔

الف۔ آرام　ب۔ سکون　ج۔ لطف　د۔ مزہ

(xiv) پولو انسان کے لیے کھیل ہے اور گھوڑے کے لیے __________۔

الف۔ کام　ب۔ مشقت　ج۔ بیگار　د۔ محنت

(xv) کسی کے ہاں گئے تو لیتے گئے __________۔

الف۔ لڈو　ب۔ مٹھائی　ج۔ کیک　د۔ پھل

برائے ممتحن:　کُل نمبر: 15　حاصل کردہ نمبر: ____

(8)

اُردو(لازمی) ایس ایس سی-II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اورسوم 60

حصہ دوم (کُل نمبر 40)

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (5x2=10)

(i) قراردادِ پاکستان کب اور کہاں منظور ہوئی؟

(ii) علیم نے غریب آدمی کا قرض کیسے ادا کیا؟

(iii) رضیہ نے اپنی امی کے نام خط میں کیا لکھا؟

(iv) شہید اور غازی میں کیا فرق ہے؟

(v) ''پشہ نمرود'' کہنے سے کون سا تاریخی واقع ذہن میں آتا ہے؟

(vi) صاحب بہادر نے ریل کے سفر کے دوران میں مصنف سے کیا کیا دریافت کیا؟

(vii) محسن نے اپنے ماں باپ کی دولت کو کیسے برباد کیا؟

(viii) کانگریس کب قائم ہوئی؟

سوال نمبر۳: مندرجہ ذیل کی تعریف کیجیے: (5x2=10)

(i) اسم (ii) اسم نکرہ (iii) حرف جار

(iv) اسم موصوف (v) اسم اشارہ

سوال نمبر۴: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تفصیلاً تحریر کیجیے: (2x5=10)

(i) اس سبق میں کرکٹ کھیلنے کے کیا فائدے بیان کیے گئے ہیں؟

(ii) تحفہ لے کر شکریہ ادا کرنے کے جاپانیوں میں کیا آداب ہیں؟

(iii) بمبئی جانے سے پہلے مصنف اپنی آنکھوں کے علاج کے سلسلے میں کس جگہ گئے اور وہاں انہیں کیا مشورہ دیا گیا؟

سوال نمبر۵: الف: مندرجہ ذیل جملوں کو منفی جملوں میں تبدیل کیجیے: (5)

(i) بچے گھر میں ہیں۔ (ii) آج موسم خوشگوار ہے۔

(iii) اتوار کو چھٹی ہوتی ہے۔ (iv) میری بہن خوبصورت ہے۔

(v) اسلام آباد صاف ستھرا شہر ہے۔

ب: مندرجہ ذیل جملوں کو سوالیہ جملوں میں تبدیل کیجیے: (5)

(i) تم سو رہے ہو۔ (ii) صبح کی سیر کرنا اچھی عادت ہے۔

(iii) آج سردی ہے۔ (iv) یہ ایک اچھی کتاب ہے۔

(v) نازیہ میری دوست ہے۔

حصہ سوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر۶: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے: (10)

(i) صاحب بہادر (ii) ادائے فرض

سوال نمبر۷: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (10)

(i) صبح کی سیر (ii) ہمارا اسکول